**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,**
**99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

### سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا راولپنڈی کا دورہ

### 7ارب روپے کی لاگت سے جاری پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان زرعی ترقی کے لیے اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ افتخار علی سہو

**لاہور: 17 جولائی2026:** سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے راولپنڈی کا دورہ کیا اور 7 ارب روپے کی لاگت سے جاری پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں چیف، بارانی ایریا ڈویلپمنٹ ایجنسی محمد عارف خان نیازی، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل، محکمہ سوائل کنزرویشن راولپنڈی ڈاکٹر پرویز سکندر، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) راولپنڈی ڈویژن سید شاہد افتخار بخاری، چیف سائنسدان و ڈائریکٹر، بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال ڈاکٹر ندیم احمد، اور سینئر سائنسدان، سینٹر آف ایکسیلنس فار اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ چکوال، انعام الحق شریک تھے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان خطہ میں زرعی ترقی کے لیے اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت 17 لاکھ 50 ہزار روپے فی یونٹ سبسڈی سے 400 منی ڈیمز کی تعمیر کا عمل جاری ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت 70 فیصد سبسڈی پر لفٹ اریگیشن سسٹمز کی تنصیب کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ 4500 ایکڑ رقبے کی بذریعہ بلڈوزر اصلاح کا ہدف بروقت حاصل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پہلی بار 32 لاکھ 90 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی پر خطہ پوٹھوہار میں ادرک کی کاشت کرائی جا رہی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بلیک بیری، انجیر اور انگور کے پودوں کی فراہمی کے اہداف اور پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت زیتون کی کاشت کا ہدف بھی بروقت مکمل کیا جائے۔

****